تیسرا سمسٹر III Semester	ڈی۔ایل۔ایڈ (ریگولر) D.El.Ed Regular	جنوری 2023

پرچہ : ہم عصر ہندوستانی سماج میں تعلیم

Paper - DLED311CCT : Education in Contemporary Indian Society

جملہ نشانات **70 :** Maximum. Marks   Time : وقت : **3** Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) تعلیم کا حق ایکٹ (RTE) 2009 کب نافذ ہوا؟ تاریخ لکھیے۔

(ii) ہندوستانی آئین کا کون سا حصہ (Part) ریاستی پالیسی کے ہدایتی اصولوں سے متعلق ہے؟

(iii) ہندوستانی آئین کا آرٹیکل 29 کس سے متعلق ہے؟

(iv) ہندوستان کا پہلا دلت صدر جمہوریہ کون تھا؟

(v) دلت سورج (Dalit Sun) کسے کہا گیا تھا؟

(vi) کتاب "Stri Purush Tulana" کے مصنف کون ہیں؟

(vii) قومی تعلیمی پالیسی 2020 کی ڈرافٹنگ کمیٹی کے چیرمین کون ہیں؟

(viii) ہندوستان نے کس سال نئی اقتصادی پالیسی متعارف کی؟

(ix) ہندوستان میں انگلش ایجوکیشن ایکٹ کی منظوری کے وقت گورنر جنرل کون تھا؟

(x) ہندوستانی آئین میں بنیادی حقوق کا تذکرہ کن آرٹیکل میں کیا گیا ہے؟

حصہ دوم

(2) نوآبادیاتی تعلیم کی خوبیاں اور خامیاں کیا ہیں؟ فہرست سازی کیجیے۔

(3) ہمارے ملک میں پنچایتی راج ادارے تعلیم کو کس طرح مدد پہنچا سکتے ہیں؟

(4) ہندوستانی آئین میں تعلیم سے متعلق ایکٹ اور دفعات کی فہرست بنائیں۔

(5) ایک جامع ہندوستانی سماج کی تعمیر میں اساتذہ کا کیا کردار ہے؟

(6) ہندوستانی آئین میں ریاستی پالیسی کے ہدایتی اصولوں کی وضاحت کیجیے۔

(7) تعلیمی مواقع کی مساوات سے کیا مراد ہے؟ مع مثال واضح کیجیے۔

(8) معاشرہ اور اسکول تعلیم کو کیسے جمہوری بنا سکتے ہیں؟ مدلل بحث کیجیے۔

(9) پسماندہ طبقے کو ترقی یافتہ بنانے میں تعلیم کس طرح معاون ثابت ہوسکتی ہے؟

حصہ سوم

(10) تعلیم کا حق ایکٹ 2009 پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔

(11) ماقبل آزادی ہندوستانی تعلیم میں مساوی شرکت کی جدو جہد میں سماجی تحریکوں کے کردار کی وضاحت کیجیے۔

(12) تعلیم پر عالمگیریت (Globalisation) کے اثرات کا جائزہ پیش کیجیے۔

(13) عوامی تعلیم کی نجکاری (Privatisation) کا تنقیدی تجزیہ کیجیے۔

(14) ہمارے ملک کی بنیادی تعلیم میں اہم مسائل کون سے ہیں؟ آپ انہیں کیسے حل کریں گے؟

☆☆☆